राज्य शैक्षणिक संशोधन व
प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र

چائنا ٹاؤن سے دوستی

Original Publisher: Pratham Books
Author: Anuradha Sengupta
Illustrator: Kalyani Ganapathy
Translator: Khaja Moinoddin Shaikh

''جینیس، جاگو بیٹا!''

دادی جان نے آواز لگائی۔

جینیس بستر سے چھلانگ لگا کر اُٹھ گئی۔

آج دادی لیؤ کے گھر اس کا آخری دن ہے۔

جینیس نے ممبئی میں اپنے گھر کے افراد سے کہا تھا کہ وہ واپسی پر سب کے لیے تحفے لے کر آئے گی۔
لیکن اس نے تو اب تک کچھ خریدا ہی نہیں تھا!

''دادی لیو، کیا آپ مجھے بازار لے چلیں گی؟'' جینیس نے پوچھا۔
دادی لیو کولکتہ کے تریٹّی بازار میں رہتی ہیں۔
اسے چائنا ٹاؤن بھی کہتے ہیں۔

جینیس اور دادی لیؤ نکل پڑتے ہیں چائنا ٹاؤن کی سیر پر! چاروں طرف رکشے چل رہے ہیں اور ان کے لکڑی کے پہیوں سے کھٹر کھٹر کی آواز آ رہی ہے۔ اُن پر ٹنگی گھنٹیاں ٹنگ ٹنگ بجتی ہیں، ہوا میں ایسی مزے دار خوشبو پھیلی ہوئی ہے کہ جی کرتا ہے کہ ہوا کو ہی کھا جائیں۔

سب سے پہلے لی چاچا کی دُکان ۔ ''لی چاچا میں کل اپنے گھر ممبئی لوٹ رہی ہوں۔ یہاں سے کیا لے جاسکتی ہوں؟ '' ''ان جامنی آلو بخاروں سے بنی مٹھائیوں کو دیکھو۔ کیا یہ لے جاسکتی ہو؟'' ''م م م م مٹھائی، میٹھی اور چٹ پٹی!'' جینیس بولی۔ میرے بھائی کو تو یہ بہت پسند آئے گی۔

迎福進門
喜
荣
財
成功
一
幸
黑豆
香菇
炒面

وہاں سے وہ دونوں چین آنٹی کی دُکان پر پہنچے۔

''چین آنٹی میں کل اپنے گھر ممبئی لوٹ رہی ہوں، یہاں سے کیا لے جاسکتی ہوں؟''

''اس کالے مشروم کے بارے میں کیا خیال ہے؟ بس تھوڑا سا ڈال کر سوپ بنا لو۔ سارا نزلہ زکام غائب ہوجائے گا۔''

''اوہ! یہ تو بڑے کالے کان جیسا نظر آتا ہے۔'' جینیس نے کہا ''ماں کو بہت پسند آئے گا۔''

اگلی منزل محترمہ وونگ کی دکان تھی۔ ''محترمہ وونگ'میں کل اپنے گھر ممبئی لوٹ رہی ہوں،یہاں سے کیا لے جا سکتی ہوں ؟'' یہ خوبصورت لالٹین لے جاؤ۔'' ''ارے واہ یہ تو گل مہر کے پھول کی طرح سرخ ہے۔'' جینیس نے کہا۔ ''ابّا کو بہت پسند آئے گا۔''

ساری خریداری ہوچکی تھی۔ اب جینیس کو
بہت زوروں کی بھوک لگی تھی۔

دادی لیؤ نے ڈمپلنگ سوٗپ اور باؤجی بن خریدا۔

''ہمم ہمم یہ تو لاجواب ہیں۔'' جینیس بولی۔

واپسی پر وہ دونوں ایک مندر پر رکے۔ ہر طرف اگربتیوں کی خوشبو پھیلی ہوئی تھی۔ ''جب لوگ مرجاتے ہیں تو روح بن جاتے ہیں۔ جب کسی سفر پر نکلتے ہیں تو پہلے ان کی دعائیں لینی چاہئیں۔'' دادی لیوٴ نے کہا۔

ایک بڑے سے کمرے میں ایک میز پر لوگ مہجونگ کھیل رہے ہیں۔ ٹک ٹاک۔ گوٹیوں کی آواز آتی ہے۔

''گوٹیوں پر پروالے ناگ اور پھولوں کے نقش ونگار بنے ہوئے ہیں۔'' دادی نے بتایا۔

''یہ تو اسٹاپو سے بہت زیادہ دلچسپ کھیل ہے۔'' جینیس بولی۔

گھر واپس لوٹتے ہوئے جینیس کی نظر اخبار پڑھتی ہوئی ایک عورت پر پڑی۔ ''کیا وہ چینی زبان میں ہے۔'' جینیس نے پوچھا۔ ''ہاں'' دادی لیؤ نے جواب دیا۔ ''پورے بھارت میں صرف یہی ایک چینی اخبار ہے، اور یہ صرف یہاں کولکتہ میں ہی ملتا ہے۔''

گھر لوٹ کر جینیس نے سارے تحفے اپنے
سامان کے ساتھ رکھ لیے۔

''جینیس، تم نے سب کے لیے کچھ نہ کچھ لیا ہے، مگر تم
اپنے لیے کیا لے کر جاؤگی؟'' دادی لیوٗ نے پوچھا۔

''ہماری یادیں دادی جان۔'' جینیس نے فوراً کہا۔
''وہی تو سب سے بہترین تحفہ ہے!''

Acknowledgements

Story Attribution:

This story: چائنا ٹاؤن سے دوستی is translated by Khaja Moinoddin Shaikh . The © for this translation lies with Pratham Books, 2023. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Janice Goes to Chinatown', by Anuradha Sengupta . © Pratham Books , 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Cover page: A Girl hanging on a red lantern, by Kalyani Ganapathy © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: A Girl waking up in the morning in bed, by Kalyani Ganapathy © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: An Old lady drinking soup out of a bowl, by Kalyani Ganapathy © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: A Girl sitting on a rickshaw with her grandmother, man walking a black dog, by Kalyani Ganapathy © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: An Old shopkeeper selling sweets, girl eating a sweet, by Kalyani Ganapathy © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: A Girl sitting on the counter and talking to shopkeeper, by Kalyani Ganapathy © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Blue bowls , by Kalyani Ganapathy © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Girl hanging on a round red lantern, by Kalyani Ganapathy © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Old lady and young girl drinking soup and eating dumplings, by Kalyani Ganapathy © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Old lady and young girl praying at a temple, by Kalyani Ganapathy © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

چائنا ٹاؤن سے دوستی
(Urdu)

جینیس اپنی دادی کے ساتھ کولکتہ کے چائینا ٹاون کی سیر پر ہے. آئیں ہم بھی اس کے ساتھ
اس وراثتی ضلع کی سیر کریں.

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.